KATHY HOCHUL گورنر

فوری ریلیز کے لیے: 21/03/2023

گورنر HOCHUL کا ہنٹر کالج میں مرکز برائے پورتوریکن سٹڈیز اور سٹی کالج میں ڈومینیکن سٹڈیز انسٹیٹیوٹ کے لیے $3 ملین کا اعلان

اداروں کو یہ فنڈنگ لاطینی نیو یارک کے لوگوں کی ثقافت اور تاریخ کو محفوظ رکھنے کے لیے جاری کارروائیوں اور پہل کاریوں کی کفالت کے لیے ملے گی

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ہنٹر کالج میں مرکز برائے پورتوریکن سٹڈیز اور سٹی کالج کے ڈومینیکن سٹڈیز انسٹیٹیوٹ کو نیو یارک کے لاطینی مکینوں کی ثقافت اور تاریخ کو محفوظ رکھنے کے لیے اپنے اداروں میں جاری کارروائیوں اور پہل کاریوں کی کفالت کرنے کے لیے $3 ملین ملیں گے۔ گورنر نے یہ اعلان البانی میں سوموس (SOMOS) گورنر کا استقبالیہ کے موقع پر کیا۔

گورنر Hochul نے کہا، "یہاں نیو یارک میں، ہمارا تنوع ہماری طاقت ہے، اور اس کے عین مرکز میں وہ اثر ہے جو نیو یارک کے لاطینی باشندوں نے ہماری ریاست پر ڈالا ہے۔ موسیقی اور کھانے سے لے کر فنون تک اور رقص سے لے کر سائنس اور طب تک، نیو یارک کے بہترین حصے ان شراکتوں کی وجہ سے تبدیل ہو کر بہتر ہو گئے ہیں۔ مجھے ہنٹر کالج اور سٹی کالج میں یہ کہانیاں سناتے رہنے اور ثقافت کو آئندہ نسلوں تک منتقل کرنے کی کوششوں کی کفالت کرنے کے لیے اس فنڈنگ کا اعلان کرتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے"۔

ہنٹر کالج (سینٹرو) میں مرکز برائے پورتوریکن سٹڈیز کی بنیاد سنہ 1973 میں طلباء و طالبات، تدریسی عملے اور اہلِ علاقہ کے ایک گروپ نے رکھی تھی تاکہ نیو یارک کے پورتوریکن مکینوں کی تاریخ کو محفوظ کیا جا سکے۔ آج یہ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں پورتوریکن کے تجربے کے لیے وقف یونیورسٹی پر مبنی سب سے بڑا تحقیقی ادارہ، لائبریری، اور محفوظ شدہ دستاویزات کا مرکز بنا ہوا ہے۔ سنہ 1992 میں قائم کردہ، سٹی کالج میں ڈومینیکن سٹڈیز انسٹیٹیوٹ (Dominican Studies Institute at City College, CUNY DSI) ملک کا پہلا یونیورسٹی پر مبنی تحقیقی ادارہ ہے جو ریاستہائے متحدہ امریکہ اور دنیا کے دیگر حصوں میں ڈومینیکن نسل کے لوگوں کے مطالعہ کے لیے وقف ہے۔

رکنِ اسمبلی Eddie Gibbs نے کہا، "جب ہم 2023 کی SOMOS کانفرنس کے لیے اکٹھے ہو رہے ہیں تو ہم 'ہمارے تنوع کی طاقت کو بروئے کار لانے' کے موضوع کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ میں نیو یارک کی لاطینی برادری سے متعلق مسائل کو حل کرنے والے حل پر بات کرنے کا منتظر ہوں اور میں ہنٹر کالج میں مرکز برائے پورتوریکن سٹڈیز اور سٹی کالج میں ڈومینیکن سٹڈیز انسٹیٹیوٹ کے لیے گورنر Hochul کے $3 ملین کے وعدے کو سراہتا ہوں۔ اس کا طلباء و طالبات اور وسیع تر لاطینی برادری کی زندگیوں پر گہرا اثر پڑے گا"۔

رکنِ اسمبلی Karines Reyes نے کہا، "گورنر Hochul کی ان اہم اداروں میں سرمایہ کاری نیو یارک کے لاطینی ورثے کے تحفظ کو یقینی بنائے گی۔ یہ تحفظ نیو یارک کے ہر عمر اور پس منظر کے مکینوں کو ہماری برادری کی رنگا رنگ ثقافت کا زیادہ سے زیادہ فہم حاصل کرنے کے قابل بنائے گا۔ میں گورنر کی نیو یارک کے تمام مکینوں کے ساتھ وابستگی کو سراہتی ہوں، خصوصاً ان کے اُس کام کو جو وہ نیو یارک کے ہسپانوی النسل لوگوں کی حمایت میں کرتی ہیں"۔

نیو یارک سٹی کونسل کی رکن Diana Ayala نے کہا، "پورٹوریکن اور ڈومینیکنز نیو یارک سٹی کے کچھ بڑے تارکین وطن گروہوں پر مشتمل ہیں اور SOMOS میں گورنر Hochul کا اعلان ہماری ترقی پذیر برادریوں کے ساتھ ان کی وابستگی کا مظہر ہے۔ ہنٹر کالج میں مرکز برائے پورٹوریکن سٹڈیز اور سٹی کالج میں ڈومینیکن سٹڈیز انسٹیٹیوٹ ان برادریوں کی بھرپور تاریخ کو محفوظ رکھتے ہیں اور یہ فنڈنگ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ آنے والی نسلیں امریکی کہانی کے اس لازمی، لیکن اکثر نظر انداز کیے جانے والے حصے کا مطالعہ کرنے کے قابل رہیں گی"۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418